سوال

(129) ایک ملازم اپنی ملازمت کی جگہ سے اگر چند یوم کے لیے الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک ملازم اپنی ملازمت کی جگہ سے اگر چند یوم کے لیے اپنے اصل گھر میں جائے تو کیا مسافر سمجھا جائے گا۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر اس کا اہل وعیال اہل گھر میں ہو تو وہ اس کا اصل گھر ہے۔ نماز قصر نہ کرے۔ اگر اہل وعیال ساتھ ہو گھر خالی پڑا رہتا ہو اور کبھی کبھار وہاں آجاتا ہو تو مسافر سمجھا جائے گا۔ نماز قصر کرنا جائز ہوگا۔ (اہل حدیث سوہدرہ جلد ٦، ش ٣٢، ٣١)

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 04 ص 211